
12th August, 2024

# 66% OF PAKISTANIS BELIEVE THAT GOVERNMENT TEACHERS ARE DOING THEIR JOBS WELL, APPRECIATION HIGHER AMONG WOMEN AND RURAL RESIDENTS: GALLUP & GILANI PAKISTAN

66% پاکستانیوں کا خیال ہے کہ پاکستانی سرکاری اساتذہ اپنا کام بخوبی انجام دے رہے ہیں، سرکاری اساتذہ کی کارکردگی کے حوالےسے اچھی رائے رکھنے والوں کی شرح خواتین اور دیہی علاقوں میں رہنے والے افرادمیں زیادہ پائی گئی۔

Question: Now thinking about Pakistan as a whole, do you think Pakistani government teachers are doing their job well?




Gallup & Gilani PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)
Field Dates: 28th June - 10th July 2024

/GallupPak

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## سماجی رویے

شعبے/پیشے پر اظہار رائے

سرکاری اسکولوں کے اساتذہ اوراس کے حوالے سے عوامی کی رائے پر 4 پریس ریلیز سیریز کا پہلا حصہ

## 66% پاکستانیوں کا خیال ہے کہ پاکستانی سرکاری اساتذہ اپنا کام بخوبی انجام دے رہے ہیں، سرکاری اساتذہ کی کارکردگی کے حوالے سے اچھی رائے رکھنے والوں کی شرح خواتین اور دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد میں زیادہ پائی گئی۔

**(گیلپ&گیلانی پاکستان)،**


(اسلام آباد)، 12 اگست، 2024

گیلپ&گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، 66% پاکستانیوں کا خیال ہے کہ پاکستانی سرکاری اساتذہ اپنا کام بخوبی انجام دے رہے ہیں۔ سرکاری اساتذہ کی کارکردگی کے حوالے سے اچھی رائے رکھنے والوں کی شرح مرد حضرات کی نسبت خواتین میں 11% زیادہ پائی گئی۔ سروے کے نتائج سے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ کارکردگی کے حوالے سے اچھی رائے رکھنے والوں کی شرح دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد میں نمایاں طور پر زیادہ ہے۔

یہ پریس ریلیز گیلپ پاکستان کی جانب سے سرکاری اسکولوں کے اساتذہ سے متعلق عوام کی رائے کے حوالے سے جاری ہونے والی پریس ریلیز کی سیریز کا حصہ ہے۔


سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"اب مجموعی طور پر پاکستان کے بارے میں سوچتے ہوئے بتائیں، آپ کے خیال میں کیا پاکستانی سرکاری اساتذہ اپنا کام بخوبی انجام دے رہے ہیں؟"**۔اس سوال کے جواب میں 39% جوابدہندگان کے مطابق ہاں پاکستانی اساتذہ اپنا کام بہت اچھے سے انجام دے رہیں ہیں، 27% جوابدہندگان کے مطابق ہاں پاکستانی اساتذہ اپنا کام تھوڑا بہت اچھے سے انجام دے رہیں ہیں، 11% جوابدہندگان کے مطابق نہیں پاکستانی اساتذہ اپنا کام کسی حد تک اچھے سے انجام نہیں دے رہیں ہیں، جبکہ 16% جوابدہندگان کے مطابق نہیں پاکستانی اساتذہ اپنا کام بالکل بھی اچھے سے انجام نہیں دے رہیں ہیں، تاہم 7% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی بھی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

**"اب مجموعی طور پر پاکستان کے بارے میں سوچتے ہوئے بتائیں، آپ کے خیال میں کیا پاکستانی سرکاری اساتذہ اپنا کام بخوبی انجام دے رہے ہیں؟"**





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**جنس کے اعتبار سے:** پاکستانی مرد حضرات (61%) کے مقابلے میں پاکستانی خواتین (72%) کی زائد شرح کا خیال ہے کہ پاکستانی سرکاری اساتذہ اپنا کام بخوبی انجام دے رہے ہیں۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**دیہی۔شہری علاقوں کے اعتبار سے:** شہری علاقوں میں رہنے والے افراد (55%) کی نسبت دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد (72%) کی زائد شرح کا خیال ہے کہ پاکستانی سرکاری اساتذہ اپنا کام بخوبی انجام دے رہے ہیں۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹر نیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 769 مرد و خواتین سے 28 جون تا 10 جولائی 2024 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینہ شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Monday, 12th August, 2024**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2024

celebrating 44 years of Gallup Pakistan (1980-2024)